سوال

غیراللہ کے نام کی نذرو نیازاور رجب کے کونڈے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غیراللہ کے نام پہ جو کھانے دیئے جاتے ہیں جیسے محرم میں نیاز، رجب کے کونڈے اور گیارہویں وغیرہ ملکے بنانے میں کتنا گناہ ہے اور اگر والدین کی طرف سے سختی کی جائے اور مجبوری میں وہ بنائے جائیں تو کیا اس میں بھی گناہ ملے گا۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصول یہ ہے کہ شرک وبدعت اور گناہ کے کاموں میں والدین کی اطاعت نہیں ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔

وَإِن جَاهَدَاكَ عَلَىٰ أَن تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۖ وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ۖ وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ۚ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ١٥

اور اگر وہ دونوں تجھ پر اس بات کا دباؤ ڈالیں کہ تو میرے ساتھ شریک کرے جس کا تجھے علم نہ ہو تو تو ان کا کہنا نہ ماننا، ہاں دنیا میں ان کے ساتھ اچھی طرح بسر کرنا اور اس کی راہ چلنا جو میری طرف جھکا ہوا ہو تمہارا سب کا لوٹنا میری ہی طرف ہے تم جو کچھ کرتے ہو اس سے پھر میں تمہیں خبردار کروں گا

آپ کا ارشاد ہے:

لاطاعة لمخلوق فی معصية الخالق۔ (مسند احمد)

خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی کسی قسم کی بھی اطاعت جائز نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتویٰ کمیٹی